سوال

سونے اور ہیرے کا مجموعی نصاب اور اس کی زکوٰۃ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب سونے کے ساتھ ہیرا وغیرہ بھی ہو تو پھر اس کی زکوٰۃ کا کس طرح اندازہ لگایا جائے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کا اندازہ ماہرین لگا سکتے ہیں، آدمی اسے سونے کے تاجروں یا زرگروں کے پاس لے جائے تاکہ وہ دیکھیں کہ سونا نصاب کو پہنچتا ہے یا نہیں' اگر نصاب کو نہ پہنچتا ہو تو اس میں زکوٰۃ نہیں ہے الا یہ کہ اس کے پاس اور بھی سونا ہو، جسے ملانے سے نصاب پورا ہو جاتا ہو تو اس سونے کی قیمت کا اندازہ لگایا جائے گا جس کے ساتھ ہیرا ہے اور پھر اس کی اڑھائی فی صد کے حساب سے زکوٰۃ نکالی جائے گی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 353